cfa.vic.gov.au

# آگ کے سلسلے میں حفاظت کے لیے پیغامات - موسم گرما 2022 - 2023

**بنیادی اہم پیغامات**

- گرم، خشک اور تیز ہوا چلنے کے دنوں میں آگ لگ سکتی ہے اور تیزی سے پھیل سکتی ہے۔
- اگر آگ کے خطرے کی ریٹنگ Extreme (انتہائی) یا Catastrophic (تباہ کن) ہو تو جلد یعنی آگ لگنے سے پہلے علاقہ چھوڑ دینا سب سے محفوظ اقدام ہے۔
- اگر آپ انتظار کریں اور آگ لگنے کے بعد جانے کا فیصلہ کریں تو آپ اپنے اہلخانہ کو بہت زیادہ دھوئیں، گرے ہوئے درختوں اور بجلی کی تاروں میں سے ڈرائیو کرنے کا خطرہ مول لے رہے ہوتے ہیں اور آپ کے لیے ٹریفک کے حادثات، آگ میں گھر جانے، سنگین جسمانی نقصان یا موت کے خطرات ہوتے ہیں۔
- اپنے اہلخانہ اور دوستوں سے اس بارے میں بات کریں کہ آپ کو کیسے پتہ چلے گا کہ کب علاقے سے نکلنا ہے، آپ کہاں جائیں گے اور آپ وہاں کیسے پہنچیں گے۔
- آگ کے Extreme خطرے یا اس سے زیادہ اونچی ریٹنگ کی صورت میں آپ کو علاقہ چھوڑ دینا چاہیے۔ آگ کے خطرے کی ریٹنگز کے متعلق مزید جاننے کے لیے cfa.vic.gov.au/firebans دیکھیں۔
- اگر آپ دھواں یا آگ دیکھ سکتے ہوں تو ڈرائیونگ کرنا نہایت خطرناک ہے۔ بہت زیادہ دھوئیں کی وجہ سے دیکھنا مشکل ہو جاتا ہے اور اس سے ٹریفک جام ہونے اور حادثات کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ ٹھیک دکھائی نہ دینے کی وجہ سے یہ جاننا مشکل ہو سکتا ہے کہ آگ کہاں ہے۔ سفر کرنا خطرناک ہو گا۔
- اگر آپ فارم پر گھاس میں لگی آگ میں پھنس جائیں تو ایسی جگہ چلے جائیں جہاں کم سے کم سبزہ ہو جیسے ہل چلے ہوئے کھیت یا ایسے چارے کے میدان جہاں جانور بہت سی گھاس کھا چکے ہوں، صورتحال پر اور معلومات کے ذرائع پر نظر رکھیں۔
- اگر آپ گراس لینڈ، پارک یا چارے کے میدانوں کے قریب (میلبرن کے گردونواح یا ریجنل ٹاؤنز میں) رہتے یا کام کرتے ہیں تو ان گرمیوں میں آپ کے لیے آگ کا خطرہ ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ کسی سبرب میں رہتے ہیں جہاں آپ کے بالکل قریب گراس لینڈ ہے اور اگر گھاس میں آگ لگ جائے تو آگ کے مقام سے کم از کم دو گلیاں پیچھے چلے جائیں تاکہ آپ محفوظ رہیں اور صورتحال پر نظر رکھ سکیں۔ گاڑی نہ چلائیں۔ سڑکوں کو ایمرجنسی سروسز کے لیے خالی چھوڑ دیں۔
- مزید معلومات یہاں سے مل سکتی ہیں:
  cfa.vic.gov.au/warnings-restrictions/about-warnings اور emergency.vic.gov.au
- یہ جان رکھیں کہ آپ معلومات کیسے حاصل کریں گے اور آپ کے لیے کونسے معلوماتی ذرائع کارآمد ہیں۔
- وارننگز کے متعلق معلومات کے لیے ہمیشہ ایک سے زیادہ ذرائع استعمال کریں۔ ABC لوکل ریڈیو یا کمرشل ریڈیو سٹیشنز اور خاص کمیونٹی ریڈیو سٹیشنز سنیں یا Sky News TV دیکھیں، VicEmergency Hotline (1800 226 226) کو فون کریں، emergency.vic.gov.au دیکھیں اور VicEmergency App ڈاؤن لوڈ کریں۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ وارننگز کے مختلف درجوں اور ان کے معانی کو سمجھتے ہیں:
  - ADVICE (معلومات) - اس علاقے میں ابھی آگ لگی ہوئی ہے یا آگ لگی تھی معلومات حاصل کریں اور صورتحال پر نظر رکھیں
  - WATCH AND ACT (Warning) (نظر رکھیں اور قدم اٹھائیں (وارننگ) - اس وقت قریب ہی ایمرجنسی کی صورتحال بن رہی ہے۔ آپ کو اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے ابھی قدم اٹھانے کی ضرورت ہے
  - EMERGENCY WARNING (ایمرجنسی وارننگ) - آپ فوری خطرے میں ہیں اور ابھی قدم اٹھانا ضروری ہے۔ آپ متاثر ہوں گے
  - EVACUATION (انخلاء) (ابھی علاقہ چھوڑنے کی تیاری کریں یا ابھی علاقہ چھوڑ دیں) - علاقہ چھوڑنے کا مشورہ دیا جاتا ہے یا علاقہ خالی کروانے کے اقدامات کیے جا چکے ہیں۔

میڈیا کانٹیکٹ: 1300 CFA MEDIA یا cfamedia@cfa.vic.gov.au